05-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔گزشتہ پارلیمانی انتخابات میں بی آر ایس کی جانب سے بی جے پی کی تائید کرنے کا وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے لگایا الزام۔

۲۔ پونم پربھاکر نے آئندہ ماہ منعقد کئے جانے والے تحفظ سڑک کے موقع پر عوام کو ٹرافک قوانین کے بارے میں شعور بیداری پیدا کرنے محکمہ آر ٹی اے کے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

۳۔کانگریس انتخابات کے موقع پر عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرے گی۔اپوزیشن کے دھوکہ میں نہ آنے ریاستی وزیر سریدھر بابو نے عوام سے کی اپیل۔

۴۔تلنگانہ حکومت نے وقارآباد ضلع مرزا پور میں پیش آئے سڑک حادثہ میں ہلاک افراد کے خاندانوں کو سات لاکھ روپے ایکس گریشیاء فراہم کی۔ رکن اسمبلی تانڈور منوہر ریڈی نے متاثرہ خاندانوں میں چکس تقسیم کئے۔

Kartika Purnima

مقدس کارتیکا پورنمی ریاست بھر میں عقیدت مندی کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ریاست میں عقیدتمند منادر میں خصوصی پوجا کررہے ہیں۔ بھدرادری بھونگیر ضلع یادگیری گٹہ لکشمی نرسمہا سوامی مندر میں مقدس کارتیکا پورنمی کے موقع پر عقیدتمندوں نے پوری عقیدت مندوں کے ساتھ پوجا کی۔مندر میں منعقد کئے گئے نارائناسوامی وترامنڈپم کا مندر کے انچارج وعہدیدار، روی آئی اے ایس نے معائنہ کیا جبکہ نلگنڈہ ضلع کے داماچرلہ منڈل کرشنا موسی سنگامم میں تلگوریاستوں سے تعلق رکھنے والے عقیدتمندوں نے مقدس ڈبکی لگائی اورشری میناکشی آگاسیشوراسوامی مندر میں پوجا کی۔کارتیکا پورنمی کے موقع پروزیراعلیٰ ریونت ریڈی اورمرکزی وزیرکشن ریڈی نے عوام کومبارکباددی۔

Guru Nanak Jayanti

سکھ مت کے بانی شری گرونانک دیو جی کی 556 ویں یوم پیدائش عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ گرونانک کی یوم پیدائش کے موقع پر نامپلی اگزیبیشن گراونڈ میں وشال کیرتن دربار منعقد کیا جارہا ہے۔ اِس پروگرام میں 25 ہزار افراد شرکت کررہے ہیں۔ منتظمین نے یہ بات بتائی جبکہ راجنا سرسلہ ضلع میں گرونانک کی یوم پیدائش سکھ طبقہ کے افراد نے بڑے پیمانے پر منائی اور گرونانک کی تصویر پر پھول پیش کئے اور عقیدت واحترام کے ساتھ گرونانک کی یوم پیدائش منائی۔

Jubilee Hills By Election

جوبلی ہلز ضمنی انتخاب کی انتخابی مہم میں تیزی آئی ہے۔ اہم سیاسی پارٹیوں اپنی انتخابی مہم میں تیزی لائے ہیں۔ کانگریس امیدوار نوین یادو کی تائید میں ریاستی وزیر بی سی ویلفیر پونم پربھاکر نے آج یوسف گوڑہ بلدی ڈویژن کے مختلف مقامات پر انتخابی مہم چلائی اور اس موقع پر انہوں نے باریک چاول کے استفادہ کنندگان کے مکان میں کھانا کھایا جبکہ بی جے پی امیدوار لنکالا پرتاپ ریڈی کی تائید میں مرکزی وزیر کانکنی کشن ریڈی نے انتخابی مہم چلائی۔ اس موقع پر کشن ریڈی نے بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی جوبلی ہلز کے عوام کو گمراہ کررہے ہیں۔ انہوں نے بی جے پی اور بی آر ایس کے درمیان خفیہ مفاہمت کے سلسلہ میں کانگریس کی جانب سے لگائے جانے والے الزامات کو مسترد کردیا اور اس کی شدید مذمت کی اور اس کے علاوہ بی آر ایس کے دورہ حکومت میں کئے گئے ترقیاتی کاموں پر پارٹی کے ورکنگ صدر کے تارک راما راؤ نے ایک رپورٹ بھی جاری کی۔

Mohammad Azharuddin

ریاستی وزیر اقلیتی بہبود محمد اظہر الدین نے کہا کہ جو بلی ہلز کے ضمنی انتخاب میں کانگریس کامیابی حاصل کرے گی۔ محمد اظہر الدین نے گاندھی بھون میں بات کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 10 سالوں میں بی آر ایس نے جو بلی ہلز کے عوام کیلئے کوئی ترقیاتی کام نہیں کئے۔ انہوں نے بی جے پی اور بی آر ایس کے درمیان خفیہ مفاہمت ہونے کا بھی الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کو ووٹ دینا بی جے پی کو ووٹ دینے کے برابر ہے۔ محمد اظہر الدین نے کہا کہ جو بلی ہلز کے انتخاب میں بی آر ایس تیسرا مقام حاصل کرے گی۔

Sound Byte. Mohammad Azharuddin

Sridhar Babu

ریاستی وزیر آئی ٹی وصنعت سریدھر بابو نے جو بلی ہلز ضمنی انتخاب کیلئے اسمبلی حلقہ میں انتخابی مہم چلائی۔ اِس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس انتخابات کے موقع پر عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کر رہی ہے۔ انہوں نے اپوزیشن کے جھوٹے وعدوں میں نہ آنے عوام کو مشورہ دیا۔ سریدھر بابو نے کہا کہ ریاست میں تمام طبقات کی ترقی کانگریس کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔ گزشتہ بی آر ایس کے 9 سالہ دور حکمرانی میں بے روزگاروں کو نظر انداز کرنے کا بی آر ایس پر الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت کی جانب سے عمل میں لائی جانے والی فلاحی اسکیمات سے بی جے پی اور بی آر ایس کے قائدین خوفزدہ ہو چکے ہیں۔ اس لئے کانگریس پر جھوٹے الزامات لگانے کا الزام لگایا اور جو بلی ہلز انتخابات میں کانگریس کو کامیاب بنانے عوام سے اپیل کی۔

Bandi Sanjay Kumar

ریاست میں خانگی کالجس کی جانب سے منائے جانے والے بند پر مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے تبصرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں ڈھائی ہزار کالجس بند ہوئے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی کانگریس حکومت کوئی اقدامات کرنے سے قاصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ 10 ہزار 500 کروڑ روپیوں کے بقایا جات میں سے کم ازکم نصف بقایا جات کو جاری کرنے کا کالجس کے منتظمین مطالبہ کرر ہے ہیں لیکن حکومت اس مسئلہ کو حل کرنے میں ناکام ہوگئی ہے۔

Chawla Acid exgratia

وقارآباد ضلع کے چیوڑلہ منڈل مرزا پور میں پیش آئے سڑک حادثہ میں ہلاک تانڈور سے تعلق رکھنے والے افراد کے خاندانوں کو رکن اسمبلی منوہر ریڈی نے ایکس گریشیاء تقسیم کیا۔رکن اسمبلی نے تانڈور اسمبلی حلقہ کے 13 افراد کے خاندانوں میں حکومت کی جانب سے پانچ لاکھ اور آرٹی سی کی جانب سے دولاکھ جملہ 7 لاکھ روپے کے چکس تقسیم کئے۔اس پروگرام میں ضلع کے اڈیشنل کلکٹر سدھیر کمار، تانڈور سب کلکٹر اوماشنکر نے شرکت کی۔

Revanth Reddy

آج جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ میں کرسچن طبقہ کے قائدین نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے کانگریس امیدوار نوین یادو کی کامیابی کیلئے کوشش کرنے کا تیقن دیا۔اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بات کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ پارلیمانی انتخابات میں بی آرایس نے بی جے پی کی خفیہ تائید کی تھی۔انہوں نے اقلیتوں کو دھوکہ دینے کا بی آرایس پر الزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت پاسٹرس کے مسائل کو حل کرے گی۔وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ بی آرایس کے سربراہ کے چندر شیکھر راؤ بی آرایس کو بی جے پی کے پاس رہن رکھ چکے ہیں۔

Solar Model Village

تلنگانہ ایندھن وسائل ترقیاتی ادارہ کے متحدہ ضلع کریم نگر کے منیجر مونیندر ریڈی نے کہا کہ راجنا سرسلہ ضلع ایلا ریڈی پیٹ منڈل مرکز کو ماڈل سولار گاؤں کے تحت منتخب کرلیا گیا۔انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے متعارف کروائے گئے پردھان منتری سوریا گھر مفت بجلی یوجنا کے تحت اِس گاؤں کومنتخب کرلیا گیا۔

Sound Byte.

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے آئندہ ماہ منعقد کئے جانے والے تحفظ سڑک کے موقع پرعوام کوٹرافک قوانین کے بارے میں شعور بیداری پیدا کرنے محکمہ آرٹی اے کے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ یونیسف کی جانب سے آج حیدرآباد میں تحفظ سڑک پراختیار کئے جانے والے شعور بیداری پروگرام کے تحت ایک ٹریننگ کیمپ منعقد کیا گیا۔اس موقع پر وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ سڑک حادثات کی روک تھام انسانی اموات پرقابو پانے کے لئے دیہاتوں میں شعور بیداری پیدا کرنے اورریالیاں منعقد کرنے اور پمپفلٹس تقسیم کرنے پر زور دیا اوراس کے علاوہ تعلیمی اداروں میں تحریر مقابلہ منعقد کرنے کی بھی ہدایت دی۔انہوں نے کہا کہ سڑک حادثات پیش آنے پر مرکزی حکومت ایک لاکھ پچاس ہزارروپے تک علاج کی سہولت فراہم کررہی ہے۔اس پربھی عوام میں شعور پیدا کرنے کی ہدایت دی۔

Private Colleges Bandh

خانگی کالجس کے صدر میش بابو نے کہا کہ جب تک حکومت ان کے مطالبات کو پورا نہیں کرتی وہ کالجس کو بند رکھیں گے۔ حیدرآباد میں انہوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کالجس کو جو بقایا جات باقی ہیں اس میں سے نصف بقایا جات کو جاری کرنے کا حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے فیس ایمبر سمنٹ کے مسئلہ کے حل کیلئے کمیٹی تشکیل کئے جانے کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے فیس ایمبر سمنٹ کے بقایا جات کوفوری جاری کرنے کی بھی مانگ کی۔

Seeds Purchase

میدک ضلع کلکٹر راہول راج نے عہدیداروں سے کہا کہ اناج کی خریداری میں کسانوں کو کوئی بھی مشکل پیش نہ آنے کیلئے ممکنہ اقدامات کریں۔ ضلع کلکٹر نے کولچارم منڈل میں اناج کے خریداری کے مرکز کا دورہ کرتے ہوئے اس کا جائزہ لیا اور اناج کا معائنہ بھی کیا۔

○○